نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے ترشاوہ پھلوں کی دیکھ بھال بارے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور:18 اپریل 2025:(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق باغبان پودوں کے کچے گلے اور غیر معمولی بڑھوتری والی شاخیں کاٹیں۔ ویلنشیا لیٹ کی برداشت اور پیوند کاری کا عمل مکمل کریں۔ باغات سے جڑی بوٹیوں کا تدارک یقینی بنائیں۔ پھلدار پودوں میں اگر پھل بن چکا ہو تو نائٹروجن کھاد فوری طور پر ڈالیں اور عناصر صغیرہ کا سپرے بھی کریں۔ موسمی حالات اور زمینی ساخت و کیفیت کو مد نظر رکھتے ہوئے 15 دن کے وقفہ سے آبپاشی کریں۔ بارشوں کے دوران سٹرس کینکر پھیلنے کا خدشہ ہوتا ہے۔ اس لئے تنوں پر بورڈو پیسٹ کریں۔ جنسی پھندے لگانے کا عمل شروع کریں۔ اس کے علاوہ تھرپس اور سکیب / میلانوز کے خلاف محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے مناسب زرعی زہروں کا سپرے کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ باغبان پودوں کی چھتری (canopy) کی کانٹ چھانٹ کریں۔ الجھی ہوئی، خشک اور بیمار شاخیں پھل لگنے سے پہلے کاٹ دیں۔ باغ کے ارد گرد ہوا توڑ باڑ لگائیں اور پیوند کاری کے عمل کی تکمیل کا جائزہ لیں۔

☆☆☆☆